میراں شاہ ویلفیئر سوسائٹی کے تحت سالانہ نعتیہ مظاہرہ ومسابقہ منعقد

چنہٹ واقع درگاہ میں ہوئے مسابقہ میں ماہم بانو، آفتاب حسین اول

لکھنؤ (۲۵ نومبر) میراں شاہ ویلفیئر سوسائٹی کے تحت چنہٹ واقع درگاہ میراں شاہ میں نعت خوانی کا سالانہ مظاہرہ ومسابقہ ہوا۔ دومرحلوں میں طلبہ وطالبات کے مسابقہ میں درجنوں تعلیمی اداروں کے سو کے قریب طلبہ وطالبات نے شرکت اور اپنی صلاحیت، لیاقت، دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔ درگاہ کے خادم، سجادہ نشین اور متولی سید محمد عتیق شاہ کی نگرانی میں ہوئے مسابقہ دومرحلوں میں ہوا ہے۔ پہلے طالبات کا مظاہرہ ہوا، پھر طلبہ کا مظاہرہ ہوا۔ حکم کے فیصلہ کے دونوں دونوں گروپوں میں سے 10-10 ٹاپر کو دوسرے مرحلہ میں نعت خوانی کا موقع فراہم کیا گیا۔ اس راؤنڈ میں تمام شرکاء سے ایک۔ ایک دینی، تاریخی معلومات پرمبنی سوالات بھی کئے گئے۔ جن سوالات کے جواب طلبہ نہیں دے سکے ان کے جواب صف سامعین سے پوچھے گئے۔ صف سامعین سے جواب دینے والوں کو بھی میڈل وتحفہ پیش کیا گیا۔ اس بنیاد پر مقابلہ کا یہ مرحلہ بہت ہی دلچسپی اور پرکشش رہا۔ طلبہ کے ساتھ ساتھ ان کے سرپرستوں میں جواب دینے کا جوش و خروش نظر آیا۔ مسابقہ میں طالبات کے گروپ میں ماہم بانو اول، شفاء بانو دوم نگار بانو نے سوم مقام حاصل کیا۔ جبکہ طلبہ کے گروپ میں آفتاب حسین اول، شفیع احمد دوم، ثاقب علی کو سوم انعام کا حقدار قرار دیا گیا۔ اول مقام حاصل کرنے والوں کو شیلڈ، سلائی مشین، سرٹی فکیٹ کے علاوہ ایک سال کی فیس کا چیک بھی دیا گیا۔ جب دوم مقام حاصل کرنے والوں کو شیلڈ، توصیفی سند مکسر گرانڈ اور سوم آنے والوں کو شیلڈ، توصیفی سند اور الکٹرک پریس تحفہ میں دی گئی۔ اس کے علاوہ تمام شرکاء کو میڈل اور گرم کمبل توصیفی سند پیش کی گئی۔ پروگرام میں معمر ماہر تعلیم تمنا صاحبہ نے خصوصی طور پر طلبہ کی حوصلہ افزائی۔ اس موقع پر سبکدوش آئی اے سی افسر ڈاکٹر انیس انصاری اور شیعہ عالم دین مولانا سید سیف عباس نقوی نے شرکت اور عوام کو دنیاوی علوم کے ساتھ ساتھ دینی علوم کی ترغیب دلاتے ہوئے سیاسی طور پر سرگرم رہنے کی جانب بھی توجہ دلائی۔ ان مہمانان کی بھی سید عتیق شاہ نے عزت افزائی کی۔ اس کے علاوہ جمعیۃ علماء اترپردیش کے سید محمد حسین، محمد عمران خان، یوپی سنی سینٹرل وقف بورڈ کے ایکزیکٹو افسر فصیح الرحمٰن، صلاح الدین شیبو ایڈوکیٹ، صحافیوں میں انور عالم، مجیب الرحمٰن، محمد جمال، عبدالعزیز صدیقی، عبدالوحید صدیقی، جاوید بیگ، پرویز اختر، شاب نور، شاداب احمد، محمد اکرام، مجیب بیگ، محمد شعیب، نے بھی شرکت انہیں سوسائٹی کی جانب سے شاہ وگلدستہ پیش کر کے اعزاز سے نوازا گیا۔ ان مہمانان کے بدست تمام بچوں کو انعامات پیش کئے گئے۔ پروگرام کی نظامت محمد غفران نسیم نے کی۔ اس موقع پر درگاہ مسجد کے امام قاری ابوالکلام، مدرسہ کے پرنسپل مولانا ابوالکلام، محمد عارف کے علاوہ درگاہ کمیٹی کی سکریٹری ڈاکٹر خوشنما عتیق کی نگران میں خاتون اساتذہ نے بھی حکم کے فرائض انجام دئے۔ اس دوران سوسائٹی کے سرپرست سید محمد شفیق شاہ بھی علالت کے باوجود سرپرستی کے موجود رہے۔ ان کے لیے دعائے صحت کی گئی۔ شب 12.30 بجے تک چلے مسابقہ میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

ڈاکٹر کے۔ این۔ عتیق 9918208601